Area of $\Delta ACD = \frac{1}{2} \times a \times b_2$

Adding the areas of the two triangles.

$\Delta ABC + \Delta ACD = \frac{1}{2} \times a \times b_1 + \frac{1}{2} \times a \times b_2$

$= \frac{1}{2} \times a\,(b_1 + b_2)$

e.g. Find the area of a trapezium whose bases are 13 cm and 27 cm and its altitude is 20 cm.

$b_1 = 13$ cm

$b_2 = 27$ cm

$a = 20$ cm

$$\text{Area of the trapezium} = \frac{1}{2} \times a\,(b_1 + b_2)$$
$$= \frac{1}{2} \times 20\,(13 + 27)$$
$$= \frac{1}{2} \times 20 \times 40$$
$$= 400 \text{ cm}^2$$

Three Dimensional Solids

UNIT **12**

Volume of a cube and cuboid

Cubes and cuboids are three-dimensional figures i.e. they have three measures: length, breadth, and height. Volume is always measured in cubic units e.g. cubic cm, cubic m, etc.

Cube

A cube has all its sides equal.

To find the volume of a cube multiply the sides three times.

Cuboid

A cuboid has length, breadth, and height.

To find the volume of a cuboid.

Multiply the length, breadth and height.

Volume

Solid figures are formed from polygons. They have faces, edges and vertices.



The space that solid figures occupy is called **volume**. Since solid figures have length, width and height, we use cubic units to measure their volume. The number of cubic units needed to make or fill a solid figure is called the 'volume' of the figure.

Volume of a cube

Since the sides of a cube are all equal, its volume can be calculated by the formula:

Volume of a cube = side × side × side

= ($side^3$) cubic units.

Example: Find the volume of a cube of side 5 cm.

$V = (side^3) = 5^3 = 125$ cubic cm or cm^3

To find the volume of a cuboid:

Since the sides of a cuboid are not equal, to find the volume we multiply the length, and height.

Area of a cuboid = length × breadth × height

Example: Find the volume of a cuboid 10 cm long, 6 cm wide and 4 cm high.

$V = l \times b \times h = 10 \times 6 \times 4 = 240 \text{ cm}^3$

(pages 88-95)

Information handling

UNIT 13

A graph is a way of representing numerical information or data . it helps us to compare quantities and changes by just glancing at them.

Graphs are interesting as well as time-saving.

To draw a graph we first arrange the data. Then we write out the information in the form of a table. A graph is drawn on a special kind of paper which is squared. On the paper we draw a horizontal line which represents the x-axis. We draw another perpendicular to the x-axis. This is called the y-axis, and we draw bars to represent the data.

Now we select a suitable scale to draw the graph. For example, 100 km is equal to 1 large square on the graph paper.

Then we mark the unchanging or constant quantities on the x-axis and the variables on the y-axis.

Bar graph

Aids in making a bar graph

To construct a bar graph we need coloured pencils for shading and a pen or pencil.

Steps to construct a bar graph

1. Take a sheet of graph paper and draw two lines perpendicular to each other along two thicker lines of the graph paper. The horizontal line is called the x-axis and the vertical line the y-axis. Their starting point of intersection is called the 'origin'.
2. Along the x-axis mark the quantities which are constant or unchanging at equal distances.
3. Choose a suitable scale to mark the heights of the bars along the y-axis.
4. Draw bars of equal width and of corresponding heights to the values on the x-axis.

Example: Draw a bar graph to represent the average monthly temperature in Lahore in January, February and March.



MONTH	JAN	FEB	MAR
TEMP	20°C	25°C	30°C

Pie chart

A pie chart is a kind of chart in which the data is represented in the form of a circle. Since the total number of degrees of angles in a circle is 360°, so each sector represents a fraction of 360°.

To find the number, quantity, or amount of a certain item represented on the pie chart we can use the formula:

$$\frac{\text{angle of the sector}}{\text{sum of the angles}} \times \text{total}$$

For example, find the number of men, women, and children in a village with a population of 3600.



Number of men $= \frac{140° \times 3600}{360} = 1400$

Number of women $= \frac{120° \times 3600}{360} = 1200$

Sum of men and women $= 1400 + 1200 = 2600$

Number of children:

Total population = 2600

$= 3600 - 2600 = 1000$ children

We can also find the angle of the sector for the children:

$$360° - (140° + 120°) = 100°$$

The number of children $= \frac{100}{360} \times 3600 = 1000$

مثال کے طور پر 3600 کی آبادی پر مشتمل گاؤں میں مردوں، عورتوں اور بچوں کی تعداد معلوم کیجیے۔



مردوں کی تعداد = $140° \times 3600/360 = 1400$

مردوں کی تعداد = $120° \times 3600/360 = 1200$

مردوں اور عورتوں کی کل تعداد = $1400 + 1200 = 2600$

بچوں کی تعداد:

کل آبادی = 3600

بچے $3600 - 2600 = 1000$

ہم بچوں کے لیے علاقے کا زاویہ بھی معلوم کر سکتے ہیں۔

$360° - (140° + 120°) = 100°$

بچوں کی تعداد $100/360 \times 3600 = 1000$

مثال : ایک بارگراف بنائیے جس سے جنوری ، فروری اور مارچ میں لاہور کا اوسط ماہانہ درجۂ حرارت ظاہر کیا جائے۔



MONTH	JAN	FEB	MAR
TEMP	20°C	25°C	30°C

گولائی کا چارٹ

گولائی کا چارٹ ، چارٹ کی وہ قسم ہے جس میں اعداد و شمار کو ایک دائرے کی شکل میں ظاہر کیا گیا ہو۔ چونکہ ایک دائرے میں زاویوں کے درجوں کی مکمل تعداد °360 ہے لہٰذا ہر حصہ °360 کی ایک کسر ظاہر کرتا ہے۔

گولائی کے چارٹ میں کسی شے کی تعداد اور مقدار معلوم کرنے کے لیے ہم یہ فارمولا استعمال کر سکتے ہیں۔

$$\frac{\text{علاقے کا زاویہ}}{\text{زاویوں کی جمع}} \times \text{کُل}$$

اعداد و شمار کا اندراج (Informational Handling)

طریقہ ترسیم یا گراف عددی معلومات یا ڈیٹا کو پیش کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ یہ ہمیں مقداروں اور تبدیلیوں کے تقابل کو ایک نظر ڈالتے ہی جاننے میں مدد دیتا ہے۔

طریقہ ترسیم دلچسپ ہونے کے ساتھ ساتھ وقت بھی بچاتا ہے۔

طریقۂ ترسیم

ہم پہلے تمام مواد کو ترتیب دیتے ہیں۔ پھر ہم معلومات کو جدول کی شکل میں درج کرتے ہیں۔ گراف ایک مخصوص قسم کے خانے دار کاغذ پر بنایا جاتا ہے جو مربع شکل کا ہوتا ہے۔ کاغذ پر ہم ایک افقی سطر کھینچتے ہیں جو x-axis (محور) کو ظاہر کرتی ہے۔ ہم x-axis (محور) پر ایک دوسرا عمود کھینچتے ہیں۔ یہ y-axis (محور) کہلاتا ہے۔

پھر ہم اعداد و شمار کو ظاہر کرنے کے لیے بار (پٹیاں) بناتے ہیں۔ ہم گراف بنانے کے لیے ایک مناسب پیمانہ استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر 100 کلومیٹر، گراف کے کاغذ کے ایک بڑے مربع کے برابر ہوتا ہے۔

پھر ہم مستقل مقداروں کو x-axis (محور) پر اور متغیرات کو y-axis (محور) پر نشان زد کرتے ہیں۔

بار گراف

بار گراف بنانے کے لیے ضروری اشیا

ایک بار گراف بنانے کے لیے ہمیں رنگ بھرنے کے لیے رنگین پنسلوں اور پنسل یا قلم کی ضرورت ہوتی ہے۔

بار گراف بنانے کے مدارج

۱۔ گراف پیپر کی ایک شیٹ لے کر دو سطریں کھینچیں جو زاویہ قائمہ پر ایک دوسرے کو قطع کریں جس میں گراف پیپر کی دو چوڑی سطریں بھی شامل ہوں۔ افقی سطر کو x-axis اور عمودی سطر کو y-axis کہا جاتا ہے۔ قطع کرنے کے ابتدائی نقطہ کو 'منبع' کہا جاتا ہے۔

۲۔ x محور کے ساتھ مستقل مقداروں کو مساوی فاصلوں پر نشان زد کیجیے۔

۳۔ ایک مناسب پیمانے کا انتخاب کیجیے تاکہ بار کی اونچائی y محور کے ساتھ نشان زد کی جائے۔

۴۔ مساوی چوڑائی کے بار کھینچیں جو x محور کی مقداروں کی اونچائیوں کے مطابق ہوں۔

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

مکعب کا حجم

چونکہ ایک مکعب کے تمام اضلاع مساوی ہوتے ہیں۔ اس کے حجم کی پیمائش دیے گئے فارمولے کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔

مکعب کا حجم = ضلع × ضلع × ضلع

= ضلع^3 مکعب اکائیاں

مثال: 5 سینٹی میٹر کے ضلع والے مکعب کا حجم معلوم کریں۔

حجم = ضلع^3 = 5^3 = 125 مکعب سینٹی میٹر یا سم^3

مکعب نما کا حجم معلوم کرنا

چونکہ مکعب نما کے اضلاع مساوی نہیں ہوتے اس لیے حجم معلوم کرنے کے لیے ہم لمبائی، چوڑائی اور اونچائی کو ضرب دیتے ہیں۔

مکعب نما کا حجم = اونچائی × چوڑائی × لمبائی

مثال: 10 سینٹی میٹر لمبے، 6 سینٹی میٹر چوڑے اور 4 سینٹی میٹر اونچے مکعب کا حجم معلوم کریں۔

حجم = لمبائی × چوڑائی × اونچائی = $10 \times 6 \times 4 = 240$ سم^3

سہ جہتی اشکال (Three Dimensional Solids)

مکعب اور مکعب نما سہ جہتی اشکال ہیں۔ اس طرح ان کی تین پیمائشیں ہیں۔
لمبائی ، چوڑائی اور اونچائی۔ حجم کی پیمائش ہمیشہ مکعب اکائی میں ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر مکعب سینٹی میٹر ، مکعب میٹر وغیرہ۔

مکعب

ایک مکعب کی تمام سمتیں مساوی ہوتی ہیں۔
ایک مکعب کا حجم معلوم کرنے کے لیے اس کی سمتوں کو تین بار ضرب دیجیے۔

مکعب نما

ایک مکعب نما میں لمبائی ، چوڑائی اور اونچائی ہوتی ہے۔
ایک مکعب نما کا حجم معلوم کرنے کے لیے لمبائی ، چوڑائی اور اونچائی کو ضرب دیجیے۔

حجم

ٹھوس شکلیں، کثیر الزاویہ سے بنائی جاتی ہیں۔ ان کے رُخ ، کنارے اور راس ہوتے ہیں۔



وہ جگہ جو ٹھوس شکلیں گھیرتی ہے۔ 'حجم' کہلاتی ہے۔ چونکہ ٹھوس شکلوں کی لمبائی ، چوڑائی اور اونچائی ہوتی ہے لہٰذا ہم مکعب اکائیوں سے ان کے حجم کی پیمائش کرتے ہیں۔
ایک ٹھوس شکل بنانے یا بھرنے کے لیے مکعب اکائیوں کی جتنی تعداد درکار ہوتی ہے وہ اس شکل کا 'حجم' کہلاتی ہے۔

مثلث کا رقبہ



مثلث 1 اور 2 ایک دوسرے کی نقل ہیں۔ مثلث 1 کو مستوی سطح پر کھسکایا گیا ہے جس سے دونوں مثلثیں مل کر ایک متوازی الاضلاع بناتی ہیں۔

ایک متوازی الاضلاع کا رقبہ $a \times b$ مربع اکائی ہے۔ لہٰذا ہر مثلث کا رقبہ $1/2 \times b \times a$ مربع اکائی ہوگا۔ اگر مثلث کے ایک ضلع کو اساس سمجھ لیا جائے تو اساس سے عمود تک کا حصہ اونچائی ہو گا۔



مثلث کا رقبہ: $1/2 \times b \times a$ = اونچائی × اساس × $1/2$

قائمۃ الزاویہ مثلث کا رقبہ

چونکہ قائمۃ الزاویہ مثلث کی اونچائی اساس پر عمودی ہے لہٰذا رقبہ معلوم کرنے کا فارمولا یہ ہو گا۔

عمود × اساس × $1/2$

مستطیل کا رقبہ

ایک مستطیل کا رقبہ معلوم کرنے کے لیے لمبائی کو چوڑائی سے ضرب دیجیے۔

مثال: ایک مستطیل کا رقبہ معلوم کریں جس کی لمبائی 8 سینٹی میٹر اور چوڑائی 5 سینٹی میٹر ہے۔

مستطیل کا رقبہ = چوڑائی × لمبائی = $8 \times 5 = 40\ cm^2$

کسی کمرے کی چار دیواروں کا رقبہ

(الف) جب کہ کمرہ مستطیل ہو۔

دو مخالف دیواروں کا رقبہ مساوی ہوگا اور فارمولے کے ذریعہ اس کی پیمائش کی جا سکتی ہے۔

2 دیواروں کا رقبہ = 2 لمبائی × اونچائی

2 دیواروں کا رقبہ = 2 چوڑائی × اونچائی

چار دیواروں کا رقبہ = $2l \times b + 2b \times h$

$2(l + b) \times h$

∴ چار دیواروں کا رقبہ = اونچائی × (چوڑائی + لمبائی) 2

(ب) جب کہ کمرہ مربع ہو

جیسا کہ ایک مربع کمرے کی لمبائی اور چوڑائی مساوی ہوتی ہے۔

4 دیواروں کا رقبہ = 4 × اضلاع × اونچائی

متوازی الاضلاع کا رقبہ

متوازی الاضلاع سے محصور علاقہ جیسا کہ ذیل میں دکھایا گیا ہے دو حصوں میں بانٹ دیا گیا ہے جسے '1' اور '2' کا نام دیا گیا ہے۔





ہم علاقہ 1 کو اس وقت تک دائیں طرف کھسکا سکتے ہیں جب تک کہ دونوں حصے ایک مستطیل علاقہ نہ بنا لیں۔ چونکہ مستطیل کا رقبہ $a \times b$ مربع اکائی ہے اس لیے متوازی الاضلاع کا رقبہ بھی $a \times b$ مربع اکائی ہوگا۔

رقبہ (Area)

رقبہ

شکل میں وہ علاقہ جو کثیر الزاویہ کے اندر واقع ہے ’رقبہ‘ کہلاتا ہے



وہ پیمائش جو ہمیں یہ بتائے کہ کسی سطح کا کتنا حصہ کثیر الزاویہ نے گھیر رکھا ہے، اس کثیر الزاویہ کا رقبہ کہلاتا ہے۔ یہ مربعوں کی اکائیوں کی تعداد ہے جو رقبہ کو گھیرنے کے لیے درکار ہے۔



اگر ایک چھوٹا مربع ایک میٹر لمبا اور ایک میٹر چوڑا ہے تو درج بالا اشکال کا رقبہ کیا ہوگا؟

(a)10 مربع میٹر (b)12 مربع میٹر (c) اس کی پیمائش مشکل ہے۔

ہمیں یہ جاننا ہوگا کہ درج بالا اشکال کو گھیرنے کے لیے کتنے مربع میٹر کی ضرورت ہے۔

ہم ہر شکل کا رقبہ معلوم کرنے کے لیے ایک فارمولے پر عمل کرتے ہیں۔

ایک مربع کا رقبہ

ایک مربع کا رقبہ معلوم کرنے کے لیے ایک ضلع کی لمبائی کو اسی سے ضرب دیجیے۔

رقبہ = ضلع × ضلع = ضلع^2

مثال: 5 سینٹی میٹر ضلع کے ایک مربع کا رقبہ معلوم کریں

مربع کا رقبہ = ضلع^2 = 5^2 = $25\ cm^2$ (سینٹی میٹر)

مثلث بنانا

درسی کتب میں مختلف قسم کی مثلث بنانے کے لیے دیے گئے مدارج پر عمل کیجیے۔

دائرہ

دائرے میں تمام نقطوں کا مرکز سے فاصلہ یکساں ہوتا ہے۔

تعریف

’محیط‘ ایک گول خط ہے جو دائرے کے گرد ہے۔
مرکز سے دائرے کے کنارے تک کا قطعۂ خط ’رداس‘ کہلاتا ہے۔
’وتر‘ ایک ایسا قطعۂ خط ہے جس کے اختتامی نقاط دائرے پر ہوتے ہیں۔
’قطر‘ وہ وتر ہے جو دائرے کے مرکز سے گزرتا ہے۔
’علاقہ‘، دائرے کا ایک حصہ ہے جو دیے گئے رداس اور زاویہ پر مشتمل ہوتا ہے۔

دائرے کا ایک علاقہ بنانا اور دیے گئے رداس کا دائرہ بنانا

درسی کتاب میں دیے گئے اقدامات پر عمل کریں۔

کسی نقطے پر زاویوں کا مجموعہ

جب دو خطوط ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں تو چار زاویے بن جاتے ہیں۔ زاویے جو ایک دوسرے کے مخالف ہوں 'عمودی زاویے' کہلاتے ہیں۔



اگر ہم زاویہ پیما (پروٹریکٹر) کی مدد سے زاویوں کی پیمائش کریں تو ہم دیکھیں گے کہ:

$\angle 1 = \angle 3, \angle 2 = \angle 4$

جب ہم تمام زاویوں کی پیمائش کو جمع کریں گے تو ہم دیکھیں گے کہ حاصل جمع 360° ہو گا جو چار قائمہ زاویوں کے برابر ہے۔



اگر دو خطوط ایک زاویہ قائمہ بنانے کے لیے ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں تو تمام عمودی زاویے قائمہ زاویے ہوں گے اور تمام زاویوں کا حاصل جمع 360° درجے (چار قائمہ زاویوں) کے برابر ہو گا۔

$90° + 90° + 90° + 90° = 360°$

مثلث

مثلث وہ شکل ہے جو تین مختلف قطعہ خط سے مل کر بنی ہو جو اسے تین نقطوں پر ملاتے ہیں لیکن یہ ایک خط پر واقع نہیں ہوتے۔ ہر قطعہ خط 'مثلث کا ضلع' کہلاتا ہے۔ تینوں نقطے 'مثلث کی راس' کہلاتے ہیں۔

مثلث کی اقسام

متساوی الاضلاع مثلث: اس کے تینوں ضلع مساوی ہوتے ہیں۔

متساوی الساقین مثلث: اس کے دو ضلع مساوی ہوتے ہیں۔

مختلف الاضلاع مثلث: اس کے تمام ضلع پیمائش میں برابر نہیں ہوتے۔

قائمتہ الزاویہ مثلث: اس میں ایک زاویہ قائمہ ہوتا ہے۔ وہ ضلع جو زاویہ قائمہ کے مقابل ہو وتر کہلاتا ہے۔

حادۃ الزاویہ مثلث: اس میں ایک زاویہ حادہ ہوتا ہے۔

منفرجتہ الزاویہ مثلث: اس میں ایک زاویہ منفرجہ ہوتا ہے۔

کسی دی ہوئی پیمائش کا زاویہ کھینچنے کے لیے صرف پرکار اور مسطر (رُولر) سے کام لینا

درسی کتاب میں دیے گئے نکات پر عمل کریں۔

وضاحت کیجیے کہ قوس 60° درجہ کا زاویہ بناتی ہے۔





60°درجہ سے بنائی گئی قوس 60°درجہ کا ایک اور زاویہ بناتی ہے۔ 60°درجہ کی تنصیف 60° درجے کے دو زاویے بناتی ہے۔

60°درجہ سے بنائی گئی قوس کی تنصیف سے 30° درجہ کے دو زاویے بنتے ہیں۔



60°اور 120° کے درمیان کی جانے والی تنصیف 90°درجہ کا زاویہ (قائمہ) بناتی ہے۔



زاویہ قائمہ کی تنصیف 45°درجہ کے دو زاویے بناتی ہے۔



135° کا زاویہ بنانا

واضح کریں: $180° - 45° = 135°$

خط کے مخالف سرے سے 45° درجے کا زاویہ بنائیے اور 0° (اختتام) سے درجوں کا شمار کیجیے۔

150° کا زاویہ بنانا

واضح کریں: $180° - 30° = 150°$

خط کے مخالف سرے سے 30° درجے کا زاویہ بنائیے اور 0° (اختتام) سے درجوں کا شمار کیجیے۔

متماثل زاویے

اگر دو زاویوں کی مقداریں برابر ہوں تو وہ 'متماثل زاویۓ' کہلاتے ہیں۔

ہم اسے اس طرح لکھتے ہیں: ABC∠ XYZ∠

علامت کا مطلب ہے ہر طرف سے مساوی

متماثل زاویے بنانا

متماثل زاویے بنانے کے لیے ان اقدامات پر عمل کیجیے جو درسی کتاب میں درج ہیں۔

قطعۂ خط کی تنصیف

کوئی قطعۂ خط تنصیف کرنے سے مراد ہے کہ اس قطعۂ خط کو دو متماثل حصوں میں تقسیم کیا جائے۔ کسی قطعۂ خط کے خط تنصیف سے مراد ایک ایسا خط ہے جو اس خط کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔

دایاں خط تنصیف

دایاں خط تنصیف ایک ایسا خط تنصیف ہے جو کسی بھی قطعۂ خط کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کرتا ہے جس میں قطعۂ خط زاویہ قائمہ سے ملا ہوا ہے۔ یعنی خط تنصیف اس خط پر عمود ہوتا ہے جس کو وہ دو حصوں میں تقسیم کر رہا ہے۔

قطعۂ خط کی تنصیف کرنا

قطعۂ خط کی تنصیف کے لیے درسی کتاب میں دیے گئے مدارج پر عمل کریں۔

زاویے کی تنصیف

درسی کتاب میں دیے گئے مدارج پر عمل کریں۔

زاویہ پیما کو پڑھنے کا طریقہ

پیائش کو زاویہ پیما یا ڈی کی بیرونی سطح پر پڑھا جا سکتا ہے۔ زاویہ پیما کے درمیانی نقطے کو زاویے پر رکھیں اور زیرو درجے کو زاویے کی ایک شعاع پر رکھیں۔



$\angle ABC = 120°$

کسی دی ہوئی پیائش پر زاویہ کیسے بنایا جاتا ہے؟

اقدامات

۱۔ ایک مسطر (رُولر) کی مدد سے ایک شعاع OY کھینچیے۔

۲۔ زاویہ پیما کا درمیانی نقطہ O پر رکھیے اس طرح کہ 0° کا نشان OY پر منطبق ہو جائے۔

۳۔ کسی دیے ہوئے درجے پر زاویہ کی پیائش کے لیے پرکار کے سرے کے ساتھ X کا نشان لگائیں۔

۴۔ اب پرکار کو ہٹا کر X اور O کو آپس میں ملا دیں XOY∠ دیا گیا زاویہ ہے۔

زاویوں کی اقسام

ہم کسی کتاب کے صفحہ کی حرکت سے زاویوں کی قسمیں جان سکتے ہیں۔

زاویہ منفرجہ (90° سے زیادہ)



زاویہ حادہ (90° سے کم)

زاویہ قائمہ (90°)

متقاطع خطوط

کچھ خط متقاطع ہوتے ہیں اور کسی ایک نقطہ پر ملتے ہیں۔ وہ نقطہ جہاں وہ ملتے ہیں ’نقطہ تقاطع‘ کہلاتا ہے۔



خطوط AB اور CB نقطہ O پر ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں۔

اگر دو خطوط کے درمیان نقطہ تقاطع نہ ہوں یا وہ ایک دوسرے کو قطع نہ کرتے ہوں تو وہ ’متوازی خطوط‘ کہلاتے ہیں۔



AB اور CD متوازی خطوط ہیں۔

متوازی خطوط کو اس طرح لکھا جاتا ہے۔ AB || CD

ہم کہتے ہیں AB ، CD کے متوازی ہے۔

زاویے

زاویہ ایسی دو شعاعتوں سے مل کر بنتا ہے جن کا مشترکہ اختتامی نقطہ ہو۔ اس نقطے کو ’راس‘ کہتے ہیں۔

کسی زاویے کا نام اس کے درمیان موجود راس کے مطابق رکھا جاتا ہے۔



AB اور BC زاویے کے بازو ہیں۔

نقطہ B زاویے کا راس ہے۔ ہم زاویے کو اس طرح لکھتے ہیں:

$\angle ABC, \angle CBA$ یا $\angle B$

زاویوں کی پیمائش

کسی زاویے کی پیمائش کے لیے بنیادی اکائی درجہ یا ڈگری ((0 ہے۔

زاویوں کی پیمائش کے لیے زاویہ پیما کا استعمال کیا جاتا ہے۔

جیومیٹری (Geometry)

جیومیٹری کے بنیادی تصورات

مستوی

’مستوی‘ ایک چپٹی سطح ہوتی ہے جو تمام سمتوں پر محیط ہے۔’نقطہ‘ مستوی میں موجود کوئی بھی مقام ہے۔

ایک مستوی سطح



کوئی بھی تین نقاط کی مدد سے مستوی سطح کو نام دیا جا سکتا ہے۔
مثال کے طور پر xyz ایک مستوی ہے۔

قطعۂ خط



ایک قطعۂ خط دو نقاط کو جوڑتا ہے جنھیں ’اختتامی سرے‘ کہا جاتا ہے۔
مثال کے طور پر AB ایک قطعۂ خط ہے اس کے دو اختتامی نقاط A اور B ہیں۔ ایک قطعۂ خط کو اس طرح لکھا جائے گا AB

خط: ایک خط کے کوئی اختتامی سرے نہیں ہوتے۔

یہ ہمیشہ مخالف سمتوں میں بڑھتا ہے۔ ایک خط کو اس طرح لکھا جاتا ہے۔ A B

شعاع: شعاع خط کا حصہ ہوتی ہے جس کا صرف ایک اختتامی سرا ہوتا ہے۔

اسے اس طرح لکھا جاتا ہے۔ AB

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

مساوات کی ضربی خاصیت

اگر b, c اور c حقیقی اعداد ہیں اور $b = c$ تب : $cc = cb$ اور $cc = bc$

مساوات کی تقسیمی خاصیت

اگر a اور b کوئی حقیقی عدد ہیں۔ c کوئی غیر صفری حقیقی عدد ہے اور $b = c$ پھر $b/c = c/c$

یہ خاصیتیں ہمیں دو اور طریقے بتاتی ہیں جن سے ایک مساوات کو مساویانہ مساوات میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

ضرب کے ذریعے تبدیلی

کسی مساوات کی ہر سمت کو ایک ہی غیر صفری حقیقی عدد سے ضرب کیجیے۔

مثال: $x/3 = 10$

x کو تنہا بائیں طرف لانے کے لیے ہر سمت کو 3 سے ضرب دیجیے۔

$x/3 \times 3 = 10 \times 3$

$x = 30$

جانچ کرنے کے لیے مساوات میں x کی قدر کا متبادل لکھیے۔

$x/3 = 10$

$30/3 = 10$

$10 = 10$

تقسیم کے ذریعے تبدیلی

مساوات کی ہر سمت کو اسی غیر صفری حقیقی عدد سے تقسیم کیجیے۔

مثال : $2x = 12$

x کو تنہا بائیں طرف لانے کے لیے ہر سمت کو 2 سے تقسیم کیجیے۔

$2x/2 = 12/2$

$x = 6$

جانچ کرنے کے لیے مساوات میں x کی قدر کا متبادل لکھیے۔

$2x = 12$

$2(6) = 12$

$12 = 12$

مساوات کو تبدیل کرنے کے طریقے طلبا کو خطی مساوات حل کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

مساوات کی تفریقی خاصیت

اگر b, a اور c حقیقی اعداد ہیں اور $a = b$ پھر $a - c = b - c$ ہم ان خاصیتوں کو کچھ مساوات کے حل کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

مثال کے طور پر $x - 5 = 7$

(دونوں سمتوں میں 5 جمع کر کے) $x - 5 + 5 = 7 + 5$

$x = 12$

مثال کے طور پر $a + 8 = 3$

(دونوں سمتوں سے 8 گھٹاتے ہوئے) $a + 8 - 8 = 3 - 8$

$a = -5$

خاکے میں اگر ہم 4 سے شروع کریں اور تیروں کی سمت پر چلیں تو ہم دوبارہ 4 پر پہنچ جائیں گے۔ اسی طرح اگر ہم 9 سے شروع کریں تو 9 پر پہنچیں گے۔



ہم کسی دیے ہوئے عدد کی جمع اور اسی کی تفریق کو 'عمل معکوس' کہتے ہیں۔

خاکوں کا تقابل کیجیے۔



اگر ہم $6x$ میں سے $(-4x)$ گھٹانا چاہتے ہیں تو ہمیں $6x$ میں $4x$ کو جمع کرنا ہوگا۔

$6x + (-4x) = 2x$

دوسرے الفاظ میں تفریق کی جانے والی رقم کی علامت تبدیل کر دیتے ہیں۔ تفریق کے لیے بھی ہم افقی اور عمودی طریقے استعمال کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر $5x - 3y$ کو $3x + 5y$ .... $8x - 2y$ میں سے تفریق کیجیے۔

مساوات کی ضربی اور تقسیمی خاصیتیں

اگر مساوی اعداد کو ایک ہی عدد سے ضرب دیا جائے تو حاصل ضرب برابر ہوگا۔ اگر مساوی اعداد کو اسی غیر صفری عدد سے تقسیم کیا جائے تو حاصل قسمت مساوی ہوں گے۔

مساوات (Linear Equations)

مساوات کو پہلے زیر بحث لایا جا چکا ہے۔

دو ہندسی اور متغیر اظہاریوں کے درمیان جنھیں مساویہ کے 'جانبین' کہا جاتا ہے، برابر ہے کا نشان (=) لگانے سے مساوات بن جاتی ہے۔

مثال کے طور $10 - 4 = 6$

$5x - 1 = 9$

$a + 3 = 3 + a$

خطی اظہاریہ

ایک اظہاریہ جیسے $3x = 6$ صرف ایک متغیر x پر مشتمل ہے اور اس کا صرف ایک حل ہے جو کہ صحیح عدد 2 ہے۔

ایک متغیر پر مشتمل خطی مساوات

ایک مساوات، جس میں ایک متغیر ہو اور وہ خطی اظہاریہ سے منسلک ہو، اسے 'ایک متغیر پر مشتمل خطی مساوات' کہتے ہیں۔

مثال کے طور پر $x + 3 = 9$

$2x + 5 = 5$

$8 - 2x = 4$

$x/3 = 5$

$2/5x - 3 = 8$

مساوات حل کرنا

کسی مساوات کو جمع، تفریق کا استعمال کرتے ہوئے حل کرنے کے لیے ہمیں مساوات میں جمع اور تفریق کی برابری (مساویت) کی خصوصیات جاننا ہوں گی۔

اگر مساوی اعداد میں ایک جیسا عدد جمع کیا جائے تو حاصل جمع برابر ہو گا۔

اگر مساوی اعداد میں سے ایک جیسا عدد گھٹایا جائے تو حاصل ہونے والے فرق بھی مساوی ہوں گے۔

مساوات کی جمع کی خاصیت

اگر b, a اور c حقیقی اعداد ہیں اور $a = b$ پھر $a + b = b + c$ اور $c + a = c + b$

حل کیجیے: $-4 -(-10)$

$= -4 + 10$

$= 6$

حل کیجیے: $12 - 8 - 7 + 4$

مثبت رقوم اور منفی رقوم کا گروپ بنائیے۔

$= (12 + 4) - (8 + 7)$

$= 16 - 15 = 1$

کچھ حاصل جمع فرق کے ذریعہ عام طور پر تبدیل کر دیے جاتے ہیں۔

حل کیجیے: $9 + (-2x)$

$= 9 - 2x$

۲۔عمودی طریقہ

ذیل میں دیے گئے سوال سے یہ حقیقت ظاہر ہوتی ہے کہ ایک ہی عدد کو جمع اور تفریق کرنا حقیقت میں اُلٹ ہے۔ $8x + 2y$ میں سے $5x - 3y$ کو تفریق کیجیے۔

$$\begin{array}{rr} & 8x + 2y \\ & 5x - 3y \\ - & + \\ \hline & 3x + 5y \\ \hline \end{array}$$

۱۔ افقی طریقہ

مثال کے طور پر جمع کیجیے۔ $2x, 3x, 7x$ (یکساں رقوم) : $2x + 3x + 7x = 12x$

مثال کے طور پر حاصل جمع معلوم کیجیے۔ $2x - 3y$ اور $5x + 7y$

یکساں رقوم کو ترتیب دیجیے۔ $2x + 5x - 3y + 7y$

یکساں رقوم کو جمع کیجیے۔ $7x + 4y$

۲۔ عمودی طریقہ

جب اظہاریوں کو جمع کیا جائے تو یکساں رقوم عمودی طور پر ایک دوسرے کے نیچے درج کی جا سکتی ہیں۔

مثال کے طور پر جمع کیجیے۔ $2x - 3y$ اور $5x + 7y$

$$\begin{array}{r} 2x - 3y \\ \underline{5x + 7y} \\ \underline{7x + 4y} \end{array}$$

جب یکساں رقوم جمع کی جائیں تو رقوم کی قوت جمع نہیں ہوتی صرف عددی سر جمع ہوتے ہیں۔

مثال کے طور پر جمع کیجیے۔ $x^2 + 2x + 1$ اور $2x^2 - 5x + 7$

$$\begin{array}{r} x^2 + 2x + 1 \\ \underline{2x^2 - 5x + 7} \\ \underline{3x^2 - 3x + 8} \end{array}$$

الجبری اظہاریوں کی تفریق

تمام حقیقی اعداد a اور b کے لیے فرق $a - b$ کو $a - b = a + (-b)$ کی شکل میں بیان کیا گیا ہے۔

۱۔ افقی طریقہ

(b کی تفریق کے لیے b کے مخالف کو جمع کیجیے۔)

حل کیجیے: $12 - (-3)$

$12 + 3 = 15$

حل کیجیے: $-7 - 1$

$= -7 + (-1)$

$= -8$

رقم کے درجات

کسی یک رقمی/رقم میں کوئی متغیر جتنی بار کسی جزو کے طور پر آتا ہے، وہ اس یک رقمی کا درجہ کہلاتا ہے۔

مثال : $2x^{2}$ کا درجہ ہے 2

$x^{1}y^{2}$ کا درجہ ہے $3.[1 + 2]$

$x^{2}y^{3}$ کا درجہ ہے $5.[2 + 3]$

یک رقمی ، دو رقمی اور تین رقمی

اظہاریوں کو ان کی رقوم کے مطابق تین درجوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

یک رقمی درجہ

یہ ایک رقم کا حامل اظہاریہ ہے۔ مثلاً:

$4a, 3a^2, 5b, 6c$ وغیرہ۔

دو رقمی درجہ

یہ دو رقموں کا حامل اظہاریہ ہے۔ مثلاً:

$4a + 2b, 6a^2 + 5b^2, 3x - 5y$ وغیرہ

سہ رقمی درجہ

یہ تین رقموں کا حامل اظہاریہ ہے۔ مثلاً:

$3a + 5b - 3c, a^2 + b^2 + c^2$ وغیرہ

الجبری اظہاریوں کو جمع کرنا

جمع میں نشانات کے لیے اصول

دو مثبت اعداد کی جمع ایک مثبت عدد ہو گا۔

دو منفی اعداد کی جمع ایک منفی عدد ہو گا۔

ایک مثبت اور منفی عدد کی جمع ، اعداد کا فرق ہو گا جس کی علامت بڑے عدد کی علامت ہو گی۔

کثیر رقمی اظہاریوں کو جمع کرنے کے لیے ہم انھیں لکھتے ہیں اور یکساں رقوم کو جمع کر کے انھیں سادہ بناتے ہیں۔

مستقل

مقداریں جو اعداد کے ذریعہ ظاہر کی جائیں 'مستقل' کہلاتی ہیں۔ مثلاً $1, 2, 1/2, 1/3$ مستقل ہیں۔

متغیر

الجبرا میں ہم حروف یا نشانات کو اعداد کے اظہار کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
ایک 'متغیر' ایک نشان ہے جو ایک یا زیادہ اعداد کے اظہار کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اعداد کو 'اعداد کی قدر' کہا جاتا ہے۔

الجبری اظہاریہ

کوئی عدد یا متغیر یا اعداد اور متغیرات کا مجموعہ جو + یا – کی ایک یا زائد علامتوں سے منسلک ہو ''الجبری اظہاریہ'' کہلاتا ہے۔
مثال : $3, x, a + b, x + y + 3z$ الجبری اظہاریے ہیں۔
اظہاریہ $2n$ کو دیکھتے ہیں۔
ایک اظہاریہ جس میں کوئی متغیر ہو اسے 'متغیر اظہاریہ' کہتے ہیں۔
اوپر دیے گئے اظہاریے میں 2 کو 'عددی سر' کہا جاتا ہے اور n کو 'متغیر' کہا جاتا ہے۔

ایک سادہ اظہاریہ ایک واحد متغیر پر مشتمل ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر $a, 2a, 3a, 4a$ وغیرہ، سادہ اظہاریے ہیں جن میں واحد متغیر 'a' ہے۔
ایک مرکب اظہاریے میں ایک سے زیادہ متغیر ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر $2a + 3b + c$ ایک مرکب اظہاریہ ہے کیونکہ اس میں تین متغیرات a, b, c موجود ہیں۔

اظہاریہ کی قیمت

اظہاریے $2a + 3b - c$ کو دیکھیے۔
$2a$ اظہاریے کی قیمت ہے۔ اسی طرح $3b$ اور c بھی۔

یکساں رقوم

قیمتیں جن میں ایک جیسا متغیر ہو 'یکساں رقوم' کہلاتی ہیں ان میں عددی سر مختلف ہو بھی سکتے ہیں اور نہیں بھی ہو سکتے۔
مثال: $2a, 3a$ اور $5a$ یکساں رقوم ہیں۔ یکساں رقوم کو ایک رقم بنانے کے لیے جمع بھی کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر $2a + 3a - a$ سے ہمیں واحد رقم $4a$ حاصل ہوتی ہے۔

غیر یکساں رقوم

وہ رقوم جن کے متغیرات مختلف ہوں 'غیر یکساں رقوم' کہلاتی ہیں۔
ان کے عددی سر، مختلف بھی ہو سکتے ہیں اور نہیں بھی۔

ریاضیاتی جملوں کی قسمیں

۱۔ حقیقی جملے

ایک متغیر میں کسی ہندسی جملے کا حل، متغیر کے لیے وہ قدر ہے جو جملے کو ایک حقیقی بیان بناتی ہے۔

مثال کے طور پر $a + 2 = 5$

اگر ہم 3 کو a کی جگہ رکھ دیں تو یہ ایک حقیقی جملہ بن جائے گا۔ لیکن جملہ اس وقت حقیقی نہیں ہوگا اگر $a = 2$ تو پھر $2 + 2 = 4$ تو بن جاتا ہے مگر 5 نہیں۔

ہم کہتے ہیں کہ 3 ایک حل ہے یا دی گئی مساوات کو صحیح کرتا ہے۔

اسی طرح سے

$4 \div 2 = 4 - 2 \qquad 2 + 2 = 2 \times 2$

$5/3 \times 3/5 = 1 \qquad 2 \times 3 = 3 \times 2$

۲۔ غیر حقیقی جملے

وہ جملے جو ارکان میں صحیح تعلق ظاہر نہیں کرتے 'غیر حقیقی جملے' کہلاتے ہیں۔

مثال کے طور پر $8 - 5 = 2 \qquad 5 + 2 = 4$

$4 < 2 \qquad 3 \times 7 = 14$

$5 + 3 > 10$

۳۔ کھلے جملے

ایک ہندسی جملہ ایک یا زیادہ متغیرات پر مشتمل ہو سکتا ہے۔ اسی لیے اسے کبھی کبھی 'کھلا جملہ' بھی کہا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر $5x - 1 = 9$

اگر ہم متغیر کی جگہ کوئی عدد لکھیں تو ہم ایک حقیقی یا غیر حقیقی جملہ حاصل کر سکتے ہیں۔

x کو 1, 2, 3 سے تبدیل کیجیے۔

$5x - 1 = 9$

(غلط) $5(1) - 1 = 9$

(درست) $5(2) - 1 = 9$

(غلط) $5(3) - 1 = 9$

کسی کھلے جملے کا حل تلاش کرنے کے لیے ہمیں متغیر کی قدر جاننا ہوگی جو جملے کو حقیقی جملہ بناتی ہے۔

الجبرا (Algebra)

حسابی عمومیت

ہم الجبری اظہاریوں کو آسان بنانے کے لیے عددی خاصیتوں کے ساتھ حرف تہجی استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً a, b, c, x, y, z وغیرہ۔
حقیقی اعداد کو جمع کرنے اور ضرب دینے کے لیے استعمال کیے جانے والے اصولوں کی بنیاد متعدد خاصیتیں ہوتی ہیں۔

بنیادی حسابی خصوصیات

دیے گئے بیانات کو حقائق کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔

۱۔ حقیقی اعداد کے ہر جوڑے کا ایک منفرد حاصل جمع ہوتا ہے جو ایک حقیقی عدد ہی ہوتا ہے۔
۲۔ حقیقی اعداد کے ہر جوڑے کا ایک منفرد حاصل ضرب ہوتا ہے جو ایک حقیقی عدد ہی ہوتا ہے۔
۳۔ جب ہم دو حقیقی اعداد کو جمع کرتے ہیں تو ہمیں ایک ہی حاصل جمع ملتا ہے۔ چاہے ہم انھیں کسی بھی ترتیب سے جمع کریں۔
۴۔ جب ہم دو حقیقی اعداد کو ضرب دیتے ہیں تو ہمیں ایک ہی حاصل ضرب ملتا ہے۔ چاہے ہم انھیں کسی بھی ترتیب سے ضرب دیں۔

الجبری جملے

''پانچ اور تین کا مجموعہ آٹھ ہوتا ہے۔'' الفاظ کا یہ گروہ ایک جملہ بناتا ہے۔
جب ہم اس جملے کو ہندسی شکل میں ترجمہ کرتے ہیں۔
$8 = 3 + 5$ '=' مساوی کا یہ نشان اس فقرہ کا متبادل ہے، 'یہ اس کے برابر ہے'۔

علامتیں	مطلب
$=$	یہ اس کے برابر ہے
$\neq$	یہ اس کے برابر نہیں ہے
$<$	یہ اس سے کم ہے
$>$	یہ اس سے زیادہ ہے
$\leq$	یہ اس سے کم ہے یا برابر ہے
$\geq$	یہ اس سے زیادہ ہے یا برابر ہے

ایک ہندسی جملہ، دو ہندسی فقروں پر مشتمل ہوتا ہے۔ جنھیں اس جملے کے ارکان کہا جاتا ہے اور جن کے درمیان کوئی علامت ہوتی ہے۔
اگر علامت '=' ہو تب جملہ ایک 'مساوات' ہے۔ فعل میں اوپر دیے گئے نشانات میں سے کوئی جملے میں استعمال کیا گیا ہو تو جملہ 'غیر مساویانہ' ہے۔ مثال کے طور پر

For example, $\underbrace{8 - 2} < 5$ the verb

دونوں ارکان مساویانہ نہیں ہیں۔

کسی چیز پر رعایت اور کم کی ہوئی قیمت معلوم کرنا۔
مثال: کسی چیز کی مقرر کردہ قیمت 250 روپے ہے اور رعایت 10% ہے۔ اس پر رعایت اور کم کی ہوئی قیمت معلوم کریں۔
اصل قیمت = 250 روپے

رعایت = 10%

100 روپے پر رعایت ہے 10 روپے

1 روپے پر رعایت ہے 10/100

250 روپے پر رعایت ہے $250 \times (10/100)$

رعایت = 25 روپے

اصل قیمت - رعایت = کم کی ہوئی قیمت

$250 - 25 = 225$ روپے

جائیداد کا محصول

محصول کسی گھر، دکان یا دیگر جائیداد کی آمدنی کا فیصد ہے جو سالانہ طور پر ادائیگی حکومت کو کی جاتی ہے۔ جائیداد پر محصول معلوم کرنے کا طریقہ۔
مثال: ایک مکان کا سالانہ کرایہ 60,000 روپے ہے۔ اس پر 10% کی شرح سے قابل ادائیگی محصول معلوم کیجیے۔
جائیداد کا محصول = 60,000 روپے کا 10%

$= 10/100 \times 60,000$

$= 6000$ روپے

چیزوں کی فروخت پر کمیشن معلوم کرنا۔

مثال: 2500 روپے میں فروخت ہونے والے سامان پر 5% کمیشن معلوم کیجیے۔

قیمت فروخت = 2500 روپے

کمیشن = 5%

100 روپے پر کمیشن ہے 5 روپے

1 روپے پر کمیشن ہے 5/100 روپے

2500 روپے پر کمیشن ہے (5/100) × 2500

کمیشن ہے = 125 روپے

رعایت

کسی چیز کی قیمت میں کمی کو 'رعایت' کہتے ہیں۔ جو کہ اس کی مقرر کردہ قیمت کی ایک مخصوص فیصد ہوتی ہے۔

رعایتی فی صد معلوم کرنا۔

مثال: کسی ایسی چیز پر رعایتی فی صد معلوم کیجیے جس کی قیمت 500 روپے سے 450 کر دی گئی ہو۔

اصل قیمت = 500 روپے

کم کی ہوئی قیمت = 450 روپے

رعایت = اصل قیمت - کم کی ہوئی قیمت

50 روپے = 500 - 450

500 روپے پر رعایت ہے 50 روپے

1 روپے پر رعایت ہے 50/500 روپے

100 روپے پر رعایت ہے = 100 × (50/500) = 10 %

(ج) نفع اور قیمت فروخت معلوم کرنا جب کہ قیمت خرید اور نفع فی صد موجود ہو۔

مثال: کسی چیز کا نفع اور قیمت فروخت معلوم کرنا جب کہ قیمت خرید 120 روپے اور نفع 10% ہو۔

نفع کا حساب قیمت خرید سے لگایا جاتا ہے۔

نفع = قیمت خرید × % نفع

12 روپے = 120 × (10/100)

قیمت فروخت = قیمت خرید + نفع

= 120 + 12

= 132 روپے

اس طرح منافع ہوا = 12 روپے

قیمت فروخت = 132 روپے

(د) نقصان اور قیمت فروخت معلوم کرنا جب کہ فی صد نقصان اور قیمت خرید دی گئی ہو۔

مثال: کسی چیز کی قیمت خرید 200 روپے ہے اور نقصان 5% ہے۔ اس چیز پر نقصان اور قیمت فروخت معلوم کیجیے۔

نقصان کا حساب کتاب کی قیمت خرید سے لگایا جاتا ہے۔

نقصان = نقصان % × قیمت خرید

روپے 10 = 200 × (5/100)

قیمت فروخت = قیمت خرید - نقصان

190 روپے = 200 - 10

اس طرح نقصان ہوا = 10 روپے

قیمت فروخت = 190 روپے

مشق کا آغاز کروانے سے قبل نفع، نقصان، نفع %، نقصان % اور قیمت فروخت معلوم کرنے کے کلیوں کا اعادہ کروائیں۔

کمیشن

ایک شخص جو دوسرے لوگوں کی خرید و فروخت کے سلسلے میں مدد کرتا ہے۔ 'آڑھتی' (ایجنٹ) کہلاتا ہے۔ وہ اپنی ان خدمات کا معاوضہ طلب کرتا ہے جو 'کمیشن' کہلاتا ہے۔

کمیشن کسی چیز کی خرید یا فروخت کی کل رقم پر فیصد کے حساب سے لگایا جاتا ہے۔

منافع یا نفع = قیمت فروخت - قیمت خرید

نقصان = قیمت خرید - قیمت فروخت

(الف) کسی نفع کا فی صد معلوم کرنے کے لیے پہلے ہم نفع معلوم کرتے ہیں۔

مثال : کوئی چیز 120 روپے میں خریدی گئی اور 150 روپے میں بیچی گئی اس کا فی صد منافع معلوم کیجیے۔

قیمت خرید = 120 روپے

قیمت فروخت = 150 روپے

قیمت فروخت - قیمت خرید = منافع

150 − 120 = 30 روپے

فیصد منافع قیمت خرید سے معلوم کیا جاتا ہے۔

منافع % = $\frac{\text{منافع}}{\text{قیمت خرید}} \times 100$

$= (30/120) \times 100$

منافع % = 25%

(ب) نقصان فی صد معلوم کرنے کے لیے پہلے ہم نقصان معلوم کرتے ہیں۔

نقصان = قیمت خرید - قیمت فروخت

نقصان % = $\frac{\text{نقصان}}{\text{قیمت خرید}} \times 100$

مثال: نقصان فیصد معلوم کیجیے جب ایک مشین 1500 روپے میں خریدی گئی اور 1000 روپے میں بیچی جائے۔

قیمت خرید = 1500 روپے

قیمت فروخت = 1000 روپے

قیمت خرید - قیمت فروخت = نقصان

1500 − 1000 = 500 روپے

نقصان % = $\frac{\text{نقصان}}{\text{قیمت خرید}} \times 100$

$$= \frac{500}{1500} \times 100 = 33\frac{1}{3}\%$$

اعشاری کسر کو بطور % ظاہر کرنا۔

مثال: 0.06 کو بطور % بیان کرنے کے لیے

$0.06 \times 100 = 6\ \%$

جب ایک اعشاری کسر کو 100 سے ضرب دیا جائے تو اعشاری نقطہ دو درجے دائیں طرف کھسک جاتا ہے۔

کسی مطلوبہ مقدار کی فی صد حاصل کرنے کے لیے % کو بطور کسر لکھیے اور اسے اسی مقدار سے ضرب دیجیے۔

مثال: 300 روپے کا 40% معلوم کیجیے۔

فی صد کو بطور کسر لکھنا۔ 40/100

کسر کو مقدار سے ضرب دیجیے۔ 120 روپے $= 300 \times (40/100)$

مقدار معلوم کیجیے جس کی فی صد دی گئی ہو۔

مثال: وہ مقدار معلوم کیجیے 50 جس کا % 25 ہے۔

فرض کیجیے کہ مقدار x ہے۔

x کا $25\% = 50$

$$\frac{25}{100} \text{ of } x = 50$$

$$25x = 50 \times 100$$

$$x = \frac{50 \times 100}{25} = 200$$

درج بالا مثال اکائی کے قاعدے سے بھی حل کی جاسکتی ہے۔

جب فی صد 25 ہو تو مقدار ہے 100

جب فی صد 1 ہو تو مقدار ہے 100/25

جب فی صد 50 ہو تو مقدار ہے $50 \times (100/25)$

$= 200$

نفع اور نقصان

ہم اکثر مختلف دکانوں سے چیزیں خریدتے ہیں۔ دکاندار وہ چیزیں یا تو کارخانے دار سے خریدتا ہے یا آڑھتی سے۔ وہ جس قیمت پر سامان خریدتے ہیں اسے 'قیمت خرید' کہتے ہیں۔ دکاندار اسے جس قیمت پر فروخت کرتا ہے وہ 'قیمت فروخت' کہلاتی ہے اگر کسی چیز کی قیمت فروخت، قیمت خرید سے زیادہ ہو تو دکاندار نے 'منافع' کمایا، اگر قیمت فروخت، قیمت خرید سے کم ہو تو دکاندار نے 'نقصان' اٹھایا۔

سرمایہ کا حساب (Financial Arthimetic)

فی صد

لفظ فی صد per cent لاطینی لفظ Percentum سے نکلا ہے جس کا مطلب ہے 100 میں سے اس کا مطلب ہے کہ ایک عدد کی سو سے نسبت۔

% کا نشان فی صد ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

مثال : 20% کا مطلب ہے 20/100

کسی فی صد کو ایک عام کسر میں ظاہر کرنا

% کو 100 سے تقسیم کر کے ایک مساوی کسر میں ظاہر کیا جا سکتا ہے۔

مثال : 12% کو عام کسر میں بیان کیجیے۔

12% = 12/100 = 6/50 = 3/25

فی صد کو اعشاری کسر میں ظاہر کرنا

جب ایک عدد 100 سے تقسیم ہو جائے تو اعشاری نقطہ بائیں جانب دو درجے کھسک جاتا ہے۔

مثال : 25% کو اعشاری کسر میں بیان کیجیے۔

25 % = 25/100 = 0.25

مثال : $2\frac{1}{2}$ % کو ایک اعشاری کسر میں بیان کیجیے۔

$$2\frac{1}{2}\ \% = 2\frac{1}{2}\ /100 = \frac{2.5}{100}$$

2.5 = 25/10

اس کو اعشاری کسر میں ظاہر کرتے ہوئے

$$\frac{25}{10 \times 100} = \frac{25}{1000} = 0.025$$

کسی کسر کو فی صد میں بیان کرنے کے لیے اسے 100 سے ضرب دیجیے

مثال : 3/4 کو بطور % بیان کیجیے۔

3/4 = (3/4) × 100 = 300/4 = 75 %

وسطین کا حاصل ضرب = طرفین کا حاصل ضرب

$2 \times 3 = a \times 6$

$$a = \frac{2 \times 3}{6} = 1$$

بالواسطہ یا معکوس تناسب

اگر دو مقداریں کچھ اس طرح منسلک ہوں کہ اگر پہلی مقدار بڑھتی ہے تو دوسری مقدار گھٹتی ہے یا اس کے برعکس۔ تو کہا جائے گا کہ مقداریں بالواسطہ یا معکوس ہیں۔ اس کی مثال یہ ہے کہ اگر کچھ افراد مخصوص دنوں میں ایک کام مکمل کرتے ہیں تو زیادہ آدمی اس کام کو کم دنوں میں مکمل کریں گے۔ کام کے دنوں اور آدمیوں کی تعداد کا فرق بالواسطہ ہوتا ہے۔

مثال : اگر 3 آدمی ایک کام 4 دنوں میں ختم کر لیتے ہیں تو اسی کام کو 12 دنوں میں ختم کرنے کے لیے کتنے آدمی درکار ہوں گے؟

آدمیوں اور دنوں کی نسبت یہ ہے۔

آدمی	:	دن
3	:	4
x	:	12

ہم جواب اس طرح حاصل کر سکتے ہیں کہ کم افراد اس کام کو مکمل کرنے کے لیے زیادہ دن لگائیں گے اور زیادہ آدمی کم دن۔ یہ معکوس تبادلے کا قانون ہے۔ اگر افراد کی تعداد بڑھتی ہے تو کام کم دنوں میں مکمل ہو گا۔

اس طرح آدمی : دن

$3 \rightarrow 4$

$x \rightarrow 12$

تیر بنا کر نشان دہی کیجیے کہ کون سے اعداد کو ضرب کرنا ہو گا۔

$x : 3 = 4 : 12$

(وسطین اور طرفین کا حاصل) $3 \times 4 = 12 \times x$

$x = 12/12$

$x = 1$ آدمی

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اگر مقداروں کا تقابل دو مختلف اکائیوں میں ہو رہا ہو تو نسبت جاننے کے لیے یہ لازم ہے کہ انھیں ایک ہی اکائی میں بیان کیا جائے۔
مثلاً اگر دو چھڑیوں (لمبائی 2 میٹر اور 40 سینٹی میٹر) کا موازنہ کرنا ہو تو دونوں اکائیوں کی لمبائی
ایک قسم کی اکائی میں 200 سینٹی میٹر اور 40 سینٹی میٹر ہو گی اور ان کی لمبائی کی نسبت 40 : 200 ہے جس کا مطلب ہے 1 : 5۔
دو مقداروں کے درمیان وقفہ توضیحی: نسبت ظاہر کرتا ہے اور اس طرح پڑھا جاتا ہے 5 کی نسبت 1۔
نسبت اس وقت تک غیر تبدیل شدہ رہے گی جب تک دونوں رقمیں ایک ہی عدد سے ضرب یا تقسیم کی گئی ہوں۔
ایک نسبت کو آسان ترین انداز میں بیان کرنا چاہیے۔
ایک ہی قسم کی دو مقداروں کی نسبت معلوم کرنے کے لیے پیمانوں کو ایک ہی اکائی میں ظاہر کریں اور پھر انھیں تقسیم کر دیں۔
9/6 کی نسبت کو ان کی آسان ترین قسم 3/2 میں ظاہر کیا جا سکتا ہے۔

تناسب

تعریف: ایک لفظ جو دو نسبتوں کی برابری بیان کرتا ہے تناسب کہلاتا ہے۔
مثال: نسبت 4:6 برابر ہے 2:3 کے۔

4:5 :: 2:3

ہم اسے اس طرح پڑھتے ہیں 4:6 کی نسبت برابر ہے 2:3 کی نسبت کے۔
اسے اس طرح بھی لکھا جا سکتا ہے۔ 4/6 = 2/3

تناسب کی رقمیں

2:3 :: 4:6 تناسب میں
4 پہلی رقم ہے، 6 دوسری رقم ہے، 2 تیسری رقم ہے اور 3 چوتھی رقم ہے۔
دوسری اور تیسری رقمیں وسطین (means) جبکہ پہلی اور چوتھی رقمیں طرفین (extremes) کہلائیں گی۔
کسی بھی ایک تناسب میں وسطین کا حاصل طرفین کے حاصل کے برابر ہوتا ہے۔
مثال: تناسب میں 4:16 :: 5:20
وسطین کا حاصل ضرب ہے $4 \times 20 = 80$
طرفین کا حاصل ضرب ہے $16 \times 5 = 80$
درج بالا قاعدہ ہم کسی تناسب میں غیر موجود رقم معلوم کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
مثال: اس تناسب میں پہلی رقم معلوم کیجیے۔

a : 2 :: 3 : 6

وسطین کا حاصل ضرب: $3 \times 2 = 6$
طرفین کا حاصل ضرب: $6 \times a$

نسبت اور تناسب (Ratio and Proportion)

نسبتیں :

6 لڑکیوں اور 24 لڑکوں کی جماعت میں لڑکوں کی تعداد لڑکیوں سے 4 گنا ہے۔

لڑکیوں کی تعداد کے مقابلے میں لڑکوں کی تعداد کا تناسب 4 اور 1 کا ہے۔

نسبت کا اظہار ہم کئی طریقوں سے کر سکتے ہیں۔

تقسیم کا نشان استعمال کرتے ہوئے 1 ÷ 4

کسر کا استعمال کرتے ہوئے 4/1

نسبت کا نشان استعمال کرتے ہوئے 1 : 4

تعریف : کسی عدد کی دوسرے عدد سے نسبت وہ حاصل قسمت ہوتی ہے جو پہلے عدد کو دوسرے عدد سے تقسیم کر کے حاصل ہوتی ہے۔

ایک ہی قسم کی دو مقداروں کی نسبت حاصل کرنا

ایک ہی قسم کی دو مقداروں کی نسبت حاصل کرنے کے لیے۔

پہلے یکساں اکائیوں میں پیمائش کیجیے۔

پھر انھیں آپس میں تقسیم کریں۔

مثال : ایک کار اور بس کی رفتار میں نسبت معلوم کرنے کے لیے، جو مختلف رفتار سے سفر کر رہی ہوں۔

بس کی رفتار : کار کی رفتار

60 km فی گھنٹہ : 45 km فی گھنٹہ

= 60/45

انھیں کم ترین قیمت میں تبدیل کرنے سے

= 4/3

تناسب ایک قسم کی مقداروں میں وہ نسبت ہے جو دونوں اشیا کی معلوم قدر کو مدِّنظر رکھتے ہوئے قائم کی جائے۔

تقابل یہ دیکھ کر کیا جاتا ہے کہ دوسری مقدار پہلی مقدار کے حصوں کے اجزائے ضربی کا کون سا حصہ ہے۔

اگر ہم یہ کہتے ہیں کہ دو مقداروں کی نسبت 6 کے مقابلے میں 5 ہے تو اس کا مطلب ہے کہ دو مقداروں کی معلوم قدر کا تقابل کیا گیا ہے۔ جو یہ ہے کہ اگر ایک مقدار کی معلوم قدر 5 ہے تو دوسری کی معلوم قدر 6 ہے۔

نسبت ایک تجریدی عدد ہے جو کسر سے حاصل ہوتا ہے۔ شمار کنندہ پہلی مقدار کی معلوم قدر ظاہر کرتا ہے اور نسب نما دوسری مقدار کی معلوم قدر دیتا ہے۔

صحیح اعداد کو جمع کرنا

ہم جانتے ہیں کہ دو مثبت اعداد کو کیسے جمع کیا جاتا ہے۔ دو حقیقی اعداد کا حاصل جمع جاننے کے لیے ہم ایک عددی افقی خط استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر 2 اور 5 کا حاصلِ جمع جاننے کے لیے ایک عددی خط کھینچیے۔ ابتدا سے شروع کرتے کرتے پنسل کو بائیں طرف عددی خط کے 2 یونٹس تک لے جائیے۔ پھر اسی جگہ سے پنسل کو بائیں طرف 5 یونٹس تک لے جائیں۔ بائیں جانب کی طرف حرکت منفی اعداد کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ دونوں حرکات مل کر ابتدا سے بائیں جانب 7 یونٹس کی حرکت بناتی ہیں۔

اس طرح: $-2 + (-5) = -7$

یہ علامت $-(2 + 5)$ دراصل 2 اور 5 کے حاصل جمع کی ضد ظاہر کرتی ہے۔

چونکہ $2 + 5 = 7$

$-(2 + 5) = -7$

یہ علامت $2 + (-5)$ دراصل 2 اور 5 کے حاصل جمع کی ضد ہے۔

عددی خط کو استعمال کرتے ہوئے ہم جانتے ہیں $2 + (-5) = -7$

اس سے پتا چلتا ہے کہ $-2 + (-5) = -(2 + 5)$

کسی حاصل جمع کے مخالف کی خاصیت کے استعمال اور مثبت نمبروں کی جمع کے قواعد کو مدِّنظر رکھتے ہوئے ہم بغیر عددی خط بنائے کسی بھی حقیقی عدد کا حاصل جمع معلوم کر سکتے ہیں۔

مثلاً $-8 + (-3)$ کو سادہ بنانے کے لیے

حل $-8 + (-3) = -(8 + 3)$

$= -11$

صحیح اعداد کی تفریق

2 کو تفریق کرنے کی مندرجہ ذیل مثالیں لکھیے:

$3 - 2 = 1$

$4 - 2 = 2$

$5 - 2 = 3$

اب 2 کو جمع کرنے کی مثالیں لکھیے:

$3 + (-2) = 1$

$4 + (-2) = 2$

$5 + (-2) = 3$

دو قطاروں میں دیے گئے اندراجات کے تقابل سے ظاہر ہوتا ہے کہ 2 کو تفریق کرنے سے بھی وہی نتیجہ نکلتا ہے جو 2 کی ضد کو جمع کرنے سے ملتا ہے۔

تمام حقیقی اعداد کی تفریق کی تعریف کا اسی سے پتا چلتا ہے۔

ابتدا کی دونوں سمتوں میں فاصلے کی مساوی اکائیوں کو نشان زد کیجیے۔ مثبت سمت میں اختتامی سمت کو مثبت مکمل اعداد سے جوڑا بنائیے۔
$+1, +2, +3, +4, \ldots$ یہ سلسلہ یوں ہی آگے بڑھتا رہے گا۔
اسی طرح منفی سمت میں منفی مکمل اعداد کے اختتامی نقطوں کا جوڑا بنائیے۔ $-1, -2, -3, -4, \ldots$ یہ سلسلہ یوں ہی چلتا رہے گا۔

مثبت اور منفی مکمل اعداد اور صفر، صحیح اعداد کا سیٹ بناتے ہیں۔

مثبت صحیح اعداد اور صفر کو اکثر 'مکمل اعداد' کہا جاتا ہے۔

کوئی بھی عدد چاہے وہ مثبت، منفی یا صفر ہو 'حقیقی عدد' کہلاتا ہے۔

جب ہم ایک عددی خط کے نقطوں کو جوڑوں کی شکل میں دیکھتے ہیں تو جوڑے بنے ہوئے نقطے خط کی ابتدا سے مخالف سمت تک ایک ہی فاصلے پر نظر آتے ہیں۔

ہر عدد جو جوڑے میں شامل ہو جیسے 7+ اور 7 دوسرے عدد کا 'مخالف' کہلاتا ہے۔

صحیح اعداد کی ترتیب

افقی عددی خط پر اعداد، بائیں سے دائیں بڑھتے جاتے ہیں اور دائیں سے بائیں گھٹتے جاتے ہیں۔

غیر مساوی ہونے کی علامات، حقیقی اعداد کے جوڑوں کی ترتیب دکھانے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔

$<$ کا مطلب ہے 'نسبتاً چھوٹا' یا 'اس سے کم'۔

$>$ کا مطلب ہے 'نسبتاً بڑا' یا 'اس سے زیادہ'۔

عددی خط کے مطالعے سے پتا چلتا ہے کہ 5 چھوٹا ہے 2 سے چھوٹا ہے اور 0 بڑا عدد ہے 5 سے۔

$0 > -5$ اور $-5 < -2$

$3 > 0$ اور $+5 > -5$

اعداد کی مطلق قیمت

کسی غیر صفری مخالف عدد جوڑے جیسے 5 - اور 5 + میں ایک عدد منفی اور دوسرا مثبت ہوتا ہے۔ حقیقی اعداد کے کسی بھی غیر صفری جوڑے میں مثبت عدد کو جوڑے میں موجود عدد کی 'مطلق قیمت' کہا جاتا ہے۔
عدد 'a' کی مطلق قیمت کو $|a|$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ مثلاً $|-5| = 5$ اور $|+5| = 5$
خیال رکھیں کہ کسی حقیقی عدد 'a' کی مطلق قیمت 'a' ہے۔ چاہے 'a' غیر منفی ہو یا منفی۔
0 کی مطلق قیمت 0 ہی ہو گی۔

$|0| = 0$

صحیح اعداد (Integers)

جب ایک مکمل عدد میں کسی دوسرے مکمل عدد کو جمع کیا جائے یا ضرب کیا جائے تو اس کا نتیجہ ایک مکمل عدد ہی ہو گا۔ لیکن تفریق کا معاملے میں یہ بالکل اسی طرح نہ ہو گا۔ جب ایک مکمل عدد کو دوسرے مکمل عدد سے تفریق کیا جاتا ہے جو پہلے والے سے چھوٹا ہو تو اس کا نتیجہ ایک مکمل عدد نہیں ہوتا۔ مثال : 5 – 7 , 3 – 5

عددی خط پر جب ہم 7 کو 5 سے تفریق کرتے ہیں تو ہمیں یہ نتیجہ ملتا ہے۔



$5 - 7 = -2$

اسی طرح سے ہم صحیح اعداد کا ایک سیٹ حاصل کرتے ہیں جس میں منفی نشان ہوتا ہے۔ انھیں 'منفی صحیح اعداد' کہا جاتا ہے۔
مکمل اعداد کا سیٹ جو منفی صحیح اعداد کے ساتھ ہو 'صحیح اعداد کا سیٹ' کہلاتا ہے۔

$\leftarrow$ - - - -, –3, – 2, – 1, 0, + 1, + 2, + 3, - - - - $\rightarrow$

صفر نہ تو مثبت ہے اور نہ ہی منفی۔

چھوٹے اور بڑے صحیح اعداد کا تصور

کوئی بھی صحیح عدد جو عددی خط پر کسی اور صحیح عدد کے دائیں طرف ہو بڑا کہلاتا ہے۔

مثال : $1 > 0, 2 > 1, ...$

$-1 < 0, -2 < -1, ...$

کوئی بھی صحیح عدد جو عددی خط پر کسی اور صحیح عدد کے بائیں طرف ہو چھوٹا کہلاتا ہے۔

عددی خط

جب ہم گنتی یا پیائش کرتے ہیں تو ہم حقیقی اعداد استعمال کرتے ہیں۔ یہ اعداد کسی خط پر نقطوں کی صورت میں نشان زد کیے جا سکتے ہیں جسے 'عددی خط' کہتے ہیں۔

عددی خط بنانا

کسی بھی خط کا ابتدائی نقطہ چن کر اسے '0' (صفر) کا نام دے دیں۔ یہ نقطہ 'ابتدا' کہلائے گا۔ یہ ابتدا سطر کو دو افقی سمتوں میں تقسیم کر دے گی۔ یہ مثبت اور منفی سمتیں کہلائیں گی۔ اگر سطر افقی ہے تو اس کی دائیں سمت کو 'مثبت' اور بائیں سمت کو 'منفی' کہا جائے گا۔

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

با قاعدہ ذیلی سیٹ

مندرجہ ذیل سیٹوں پر غور کریں :

$A = \{1, 2, 3, 4\}$

$B = \{2, 3\}$

A, B کا ذیلی سیٹ ہے۔

A مشتمل ہے (کم از کم ایک رکن جو B میں نہیں ہے) 2 دیگر ارکان پر جو B میں نہیں۔

ہم لکھتے ہیں : $B \subset A$

ہم کہتے ہیں : A, B کا ایک با قاعدہ ذیلی سیٹ ہے۔

چونکہ A کے ارکان کی تعداد B سے زیادہ ہے لہٰذا ہم کہتے ہیں کہ B, A کا 'سپر سیٹ' ہے۔

ہم لکھتے ہیں : $A \supset B$

بے قاعدہ ذیلی سیٹ

مندرجہ سیٹوں پر غور کریں :

$A = \{1, 2, 3\}$

$B = \{2, 3, 1\}$

A, B کا ایک ذیلی سیٹ ہے۔ A میں کوئی رکن ایسا نہیں جو B کا رکن نہ ہو لہٰذا B کو' A کا ایک بے قاعدہ ذیلی سیٹ' کہا جاتا ہے

واضح رہے کہ دو مساوی سیٹ ، ایک دوسرے کے بے قاعدہ ذیلی سیٹ ہیں۔ ہم لکھ سکتے ہیں :

$A \subseteq B$ اور $B \subseteq A$

ہم کہتے ہیں: A, B کا ایک بے قاعدہ ذیلی سیٹ ہے اور B, A کا ایک بے قاعدہ ذیلی سیٹ ہے۔

$A \subseteq A$ جبکہ A کا ہر رکن A کا بھی رکن ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہر سیٹ خود اپنا ایک بے قاعدہ ذیلی سیٹ ہوتا ہے۔

ایسے سیٹ کو { } یا یونانی حرف phi ϕ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

تختۂ سیاہ پر سیٹ لکھیں $A = \{0\}$۔ پوچھیں: کیا یہ خالی سیٹ ہے؟

پھر بتائیں کہ یہ خالی سیٹ نہیں ہے کیونکہ اس میں رکن 0 موجود ہے۔

ذیلی سیٹ



مندرجہ ذیل سیٹوں پر غور کریں:

$A = \{1, 2, 3, 4, 5, 6, 7\}$

$B = \{2, 4, 5\}$

تعریف

A, B کا ایک ذیلی سیٹ ہے اگر B کا ہر رکن A میں موجود ہے۔

نشان زدہ حصہ A کے ان ارکان کو جو B میں بھی مشترک ہیں، ظاہر کرتا ہے۔

کیونکہ B کا ہر رکن A کا بھی رکن ہے اس لیے A, B کا ذیلی سیٹ ہے۔

ہم لکھتے ہیں: $B \subseteq A$

ہم کہتے ہیں: A, B کا ایک ذیلی سیٹ ہے۔



ایک تیسرے سیٹ C پر غور کریں:

$C = \{0, 1, 7\}$

کیا A, C کا ایک ذیلی سیٹ ہے؟

چونکہ A, 0 کا رکن نہیں ہے، اس لیے ہم لکھتے ہیں: $C \nsubseteq A$ - 0 کا C سے تعلق ہے جبکہ A, 0 سے تعلق نہیں رکھتا۔

ہم کہتے ہیں: A, C کا ذیلی سیٹ نہیں ہے۔

سیٹ لکھنے کے طریقے

واضح کیجیے کہ سیٹ دو طریقوں سے لکھے یا بیان کیے جاتے ہیں:

1- اندراجی طریقہ

اس طریقے میں سیٹ کے تمام ارکان کو لکھا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر $A = \{a, e, i, o, u\}$ (انگریزی حروفِ تہجّی کے حروفِ علّت کا سیٹ)۔

2- بیانیہ طریقہ

اس قسم میں سیٹ کے ارکان کو شامل نہیں کیا جاتا بلکہ سیٹ کے ارکان کی تعریف پر پوری اترنے والی خاصیت کو درج کیا جاتا ہے۔

مثلاً {انگریزی حروفِ تہجی کے حروفِ علّت} = A

تختۂ سیاہ پر کچھ معیاری سیٹ لکھیں اور ان کی خصوصیات بیان کریں۔

سیٹ کی اقسام

سیٹ کو ارکان کی تعداد کے لحاظ سے تین مختلف اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

1- متناہی سیٹ

وہ سیٹ جس میں ارکان کی تعداد محدود ہو 'متناہی سیٹ' کہلاتا ہے۔ مثلاً

$A = \{1,2,3,4\}$۔ سیٹ A میں چار ارکان ہیں۔

2- لامتناہی سیٹ

وہ سیٹ جس میں ارکان کی تعداد لامحدود ہو، 'لامتناہی سیٹ' کہلاتا ہے۔ مثلاً

$A = \{0,2,4,6,8 ...\}$ یہ ایک لامتناہی سیٹ ہے کیونکہ اس میں لامحدود جفت اعداد ہیں۔

3- خالی سیٹ

جیسا کہ پہلے واضح کیا جا چکا ہے ان سیٹوں میں کوئی ارکان نہیں ہوتے۔

ناموجود یا خالی سیٹ

طالبِ علموں سے پوچھیں کہ کیا وہ اس دیے گئے سیٹ کے ارکان کی فہرست بنا سکتے ہیں۔

'ان بلیوں کا سیٹ جن کی دو دُمیں ہیں۔'

انھیں بتائیں کہ وہ سیٹ جس میں ایسے ارکان نہیں ہوتے کہ جن کی فہرست بنائی جا سکے، وہ 'خالی سیٹ' یا 'ناموجود سیٹ' کہلاتا ہے۔

سیٹ (Set)

روزمرّہ زندگی سے کچھ اسمِ جمع تلاش کر کے ان کے بارے میں بات چیت کیجیے جیسے تاش کی گڈّی، کھلاڑیوں کی ایک ٹیم وغیرہ۔ گڈّی، ریوڑ، ٹیم، گروپ وغیرہ جیسے الفاظ چیزوں کے مجموعے کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ واضح کیجیے کہ ریاضی میں لفظ 'سیٹ' اشیا کے مجموعے کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

سیٹ اشیا کے واضح مجموعے کو کہتے ہیں

وضاحت یا واضح کرنے کا مطلب ہے کہ ایک سیٹ میں کچھ خصوصیات ہونی چاہیں۔ جس سے ہم بآسانی یہ جان لیں کہ کسی چیز کا تعلق اس سیٹ سے ہے یا نہیں۔ مثال کے طور پر ایک کتاب چائے کے سیٹ سے اور ایک گیند تاش کے پتّوں سے تعلق نہیں رکھتی۔ لہٰذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ چائے اور تاش کے سیٹ، واضح سیٹ ہیں۔

تختۂ سیاہ پر انگریزی حروفِ تہجّی کے حروفِ علّت کا سیٹ لکھیے۔

سمجھائیے کہ یہ ایک واضح سیٹ ہے کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ یہ سیٹ مخصوص حروف a, e, i, o, u کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

اب لائبریری میں دلچسپ کتابوں کے ایک سیٹ کی مثال دیجیے۔

یہ ایک سیٹ نہیں ہے کیونکہ دلچسپ کا لفظ طے کردہ اصولوں کے مطابق غیر واضح ہے۔ کوئی کتاب کسی ایک شخص کے لیے دلچسپ ہوسکتی ہے مگر وہی کتاب کسی دوسرے کے لیے غیر دلچسپ بھی ہوسکتی ہے۔ چونکہ یہ واضح نہیں ہے لہٰذا اسے ایک سیٹ نہیں کہا جا سکتا۔

وضاحت کیجیے کہ ایک واضح سیٹ میں اشیا کو دہرایا نہیں جاتا۔

سیٹ کی علامات

ہم عام طور پر سیٹ کے اظہار کے لیے بڑے حروفِ تہجّی A, B, C وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔

سیٹ کے ارکان

ایک سیٹ کی اشیا کو 'ممبران' یا 'ارکان' کہا جاتا ہے۔ سیٹ کے تمام ارکان خطوطِ وحدانی { } میں لکھے جاتے ہیں اور انھیں وقفے کی علامت کے ذریعے علیحدہ کیا جاتا ہے۔ مثلاً انگریزی حروفِ تہجّی کے حروفِ علّت کا سیٹ دیکھیے۔ $A = \{a, e, i, o, u\}$

سیٹ کے ارکان سیٹ سے متعلق ہوتے ہیں۔ تختۂ سیاہ پر متعلق ہونے کی علامت ($\in$) درج کیجیے۔

جفت اعداد کا ایک سیٹ تختۂ سیاہ پر لکھیے۔ $B = \{0, 2, 4, 6, 8\}$

پوچھیے: کیا 1 کا تعلق اس سیٹ سے ہے؟ بتائیے کہ چونکہ 1 جفت عدد نہیں ہے اس لیے اس کا تعلق جفت اعداد کے سیٹ سے نہیں ہے۔ غیر متعلق ہونے کی علامت ($\notin$) تختۂ سیاہ پر درج کیجیے۔